© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

**حضرت مولانا مفتی محمد اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ:** جامعہ خیر المدارس ملتان کے صدر مفتی حضرت مولانا مفتی محمد اسحٰق ۶ر رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ مطابق ۵ر جولائی ۲۰۱۴ء بروز ہفتہ بعد نمازِ عصر انتقال کر گئے۔ قمری تقویم کے اعتبار سے آپ کی عمر پچاسی سال تھی۔ حضرت مفتی صاحب، استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری اور حضرت مفتی محمد عبداللہ ڈیروی رحمہم اللہ کے انتہائی معتمد تھے اور حضرت مفتی عبدالستار رحمۃ اللہ علیہ کے رفیق خاص تھے۔ تقریباً چھپن برس مسندِ افتاء پر فائز رہے۔ علم و تقویٰ اور عجز وانکسار کے پیکر، خوش مزاج وخوش طبع، انتہائی شفیق وملنسار اور علم میراث کے ماہر تھے۔ انہیں وراثت کے مسائل ازبر تھے۔ چلتے پھرتے مشکل سے مشکل مسئلہ زبانی بتا دیتے تھے۔ جانشینِ امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے خیر المدارس میں ہی تعلق قائم ہوا۔ تمام عمر اُن سے محبت واخلاص کا تعلق رہا، حضرت کی دو کتابوں ''مجمع المصادر العربیہ'' اور ''کانِ پارسی'' پر تقریظ بھی لکھی۔ خانوادہ امیر شریعت کے ساتھ اُن کا تعلق بہت ہی اخلاص والا تھا۔ غمی خوشی کے ہر موقع پر تشریف لاتے اور حوصلہ افزائی فرماتے۔ انتقال کے روز ہی بعد نمازِ تراویح جامعہ خیر المدارس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق مدظلہٗ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور خطاؤں کو معاف فرمائے۔ آپ کے بیٹوں مولانا نفیس احمد، مولانا خیر محمد، تین بیٹیوں اور دیگر پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ اور سید محمد کفیل بخاری نے آپ کے فرزندان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔

- شیخ الطاف الرحمٰن بٹالوی، شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی کے ماموں حاجی نصیر احمد۔ انتقال ۲۲ر جولائی ۲۰۱۴ء
- ڈاکٹر پروفیسر حافظ عبدالاحد اور پروفیسر جناب حافظ بدر احمد کے والد گرامی محمد سلیمان ۲۸ر جون کو ملتان میں انتقال فرما گئے، نماز جنازہ ۲۹ر جون کو ادا کی گئی۔
- چیچہ وطنی (رحمٰن سٹی) میں مسجد ختم نبوت کے معاون سعود احمد کے والدِ گرامی ۳۰ر جون کو انتقال فرما گئے، نماز جنازہ احرار پارک رحمٰن سٹی میں مولانا منظور احمد نے پڑھائی، عبداللطیف خالد چیمہ، حافظ حبیب اللہ رشیدی اور دیگر حضرات نے شرکت کی۔
- حافظ محمد اشرف چک نمبر 41 قبولہ کی والدہ ماجدہ انتقال: ۹ر جولائی۔
- جناب محمد طیب (کمالیہ) کی خوشدامن مرحومہ، انتقال: ۳۰ر جولائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کے نائب امیر چوہدری محمد اشرف کی ہمشیرہ ۱۲؍ جولائی کو انتقال فرما گئیں۔
- مسجد عثمانیہ چیچہ وطنی کے قدیم معاون صوفی محمد صدیق کی والدہ ماجدہ ۱۳؍ جولائی کو انتقال فرما گئیں۔
- حافظ شفیق الرحمٰن (رفیق سفر حضرت قائد احرار) کے پھوپھی زاد بھائی ۲۳؍ جولائی کو انتقال کر گئے۔
- مجلس احرارِ اسلام ڈیرہ غازی خان کے قدیم کارکن حاجی محمد اسلم صاحب کے چھوٹے بھائی فیض بخش مرحوم۔
- مجلس احرارِ اسلام لکروالہ، محبت پور (میلسی) کے کارکن جناب احمد حسن کے خالہ زاد بھائی...... مرحوم، انتقال: یکم رمضان
- مجلس احرارِ اسلام جلال پور پیروالہ کے کارکن محمد عبدالرحمٰن جامی نقشبندی کے جواں سال داماد قاری محمد محسن نقشبندی ۲۸؍ رمضان المبارک ۱۴۳۵ھ مطابق ۲۷؍ جولائی ۲۰۱۴ء بروز اتوار صبح ۶ بجے انتقال کر گئے۔ مرحوم چند روز قبل موٹر سائیکل پر ٹریفک حادثہ میں شدید زخمی ہو گئے تھے۔ ان کی نمازِ جنازہ استاذ العلماء مولانا غلام محی الدین نے پڑھائی۔ قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ، سید محمد کفیل بخاری اور جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے مرحوم کے لیے دعاء مغفرت کی ہے۔ محترم جامی صاحب اور دیگر پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے۔
- جمعیت علماء برطانیہ کے سیکرٹری اطلاعات حافظ محمد اکرام کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں کمالیہ میں انتقال فرما گئیں۔

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- احرار ختم نبوت مشن برطانیہ (گلاسگو) کے صدر جناب شیخ عبدالواحد علیل ہیں۔
- عالمی مجلس احرار اسلام کے معاون جناب محمد اشرف (گلاسگو) علیل ہیں۔
- حاجی محمد انور (راچڈیل) علیل ہے۔ ● دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی جناب چودھری محمد اکرم (ہرڈز فیلڈ) بیمار ہیں۔
- جناب سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ علیل ہیں۔
- جناب چودھری محمد اکرام (لاہور) مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن علیل ہیں۔
- جناب محمد بشیر چغتائی (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر) صاحب فراش ہیں۔
- جناب مولوی بلال احمد صاحب (رحیم یار خان) مجلس احرار اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن اور قدیم فدا کار احرار کارکن شدید علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com